وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس شوریٰ کے

اہم فیصلے

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس شوریٰ کا اجلاس ۲۴ ذوالقعدہ ۱۴۲۵ھ مطابق 6 جنوری 2005ء بروز جمعرات مرکزی دفتر میں زیرصدارت صدرالوفاق شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خاں دامت برکاتہم منعقد ہوا۔ اجلاس میں ''وفاق المدارس'' کی سالانہ کارکردگی کے جائزہ اور دیگر اہم فیصلوں کے علاوہ آئندہ پانچ سال کیلئے عہدیداران کا انتخاب بھی عمل میں آیا۔

مرکزی عہدیداران کا انتخاب:۔ مجلس شوریٰ نے آئندہ پانچ برسوں کیلئے متفقہ طور پر شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خاں دامت برکاتہم کو ''وفاق'' کا صدر اور حضرت مولانا قاری محمد حنیف جالندھری زیدمجدہم کو ناظم اعلیٰ منتخب کیا ہے۔ وفاق کی مجلس شوریٰ نے انکی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا اور غیر معمولی حالات میں دینی مدارس کی حریت واستقلال اور حفاظت کیلئے انکی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔

ضمنی امتحانات کی بحالی:۔ قبل ازیں بعض انتظامی دشواریوں کی وجہ سے ضمنی امتحانات ختم کردیئے گئے تھے۔ حالیہ اجلاس میں ضمنی امتحانات کی بحالی کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

۱۴۲۶ھ کے ضمنی امتحانات 23 تا 25 محرم الحرام بروز ہفتہ، اتوار، سوموار بمطابق 5 تا 7 مارچ 2005ء منعقد ہوں گے۔ داخلہ کی آخری تاریخ ۳۰ ذوالحجہ ۱۴۲۵ھ ہے۔ اس کے بعد کوئی داخلہ وصول نہیں کیا جائے گا۔

بعض نصابی کتب اور مقدار خواندگی میں ترمیمات:۔ مجلس شوریٰ نے بعض نصابی کتب اور بعض کتابوں کی مقدار خواندگی میں ترمیمات کی ہیں جو درج ذیل ہیں۔

1۔ آئندہ درجہ ثانویہ عامہ میں تجوید وقراءت، مشق وحفظ کا امتحان درجہ متوسطہ کی طرح زبانی ہوگا۔ اس طرح ترجمہ وتفسیر کے ۳۴ نمبر اور فوائد مکیہ کے ۳۳ نمبر کا مشترکہ پرچہ کا ہوگا۔ جبکہ ۳۳ نمبر کا زبانی امتحان نگران اعلیٰ کسی مجود سے دلوائیں گے۔

2۔ درجہ رابعہ میں شرح جامی کی مقدار خواندگی مرفوعات سے مبنیات تک طے کی گئی ہے۔آئندہ ''وفاق'' کا امتحان اس کے مطابق ہوگا۔

3۔ درجہ رابعہ کے ''الورقۃ السادسۃ'' میں شامل ''تلخیص المفتاح'' کو وہاں سے ہٹا کر درجہ خاصہ میں ''مختصر المعانی'' کے ساتھ رکھا گیا ہے۔

4۔ ''شرح عقائد'' ''باب اثبات عذاب قبر'' کی بجائے ابتداء سے مکمل طے کر دی گئی ہے۔

5۔ شرح عقائد مکمل طے ہونے کی وجہ سے ''الھیئۃ الوسطیٰ'' کو درجہ سابعہ کے پرچہ نمبر۶ (الورقۃ السادسۃ) کے ساتھ شامل کیا گیا ہے۔

6۔ درجہ سادسہ کے پرچہ نمبر۲ (الورقۃ الثانیہ) سے موطا امام محمد کو درجہ عالمیہ کے پرچہ نمبر۶ الورقۃ السادسۃ یعنی طحاوی شریف کے ساتھ شامل کر دیا گیا ہے۔جبکہ درجہ سادسہ کے اس پرچہ میں صرف مسند امام اعظمؒ خیر الاصول اور سراجی کو رکھا گیا ہے۔''تسہیل الفرائض'' صرف مطالعہ کے لئے ہوگی۔

''وفاقی'' امتحانات کیلئے ''غیر وفاقی'' درجات کا نتیجہ لازمی:۔ آئندہ سال وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے سالانہ امتحانات میں شرکت کیلئے ''غیر وفاقی'' درجہ کے سالانہ امتحان کا مصدقہ نتیجہ فارم داخلہ کے ساتھ لف کرنا ضروری ہوگا۔اس کے بغیر امتحان میں شرکت کا استحقاق نہیں ہوگا۔

امتیازی حیثیت میں کامیاب ہونے والے طلبہ وطالبات کیلئے انعامات:۔

گزشتہ اور رواں سال میں امتیازی حیثیت سے کامیاب ہونے والے طلبہ و طالبات میں تقسیم انعامات کی تقریب ۲۳صفر المظفر ۱۴۲۶ھ۔۳، اپریل ۲۰۰۵ء بروز اتوار اسلام آباد میں منعقد ہوگی

مستقل نصاب کمیٹی کی تشکیل:۔ پورے نصاب پر نظر ثانی کیلئے ایک مستقل نصاب کمیٹی تشکیل دینے کی منظوری دی گئی یہ کمیٹی جید مدرسین اور ماہرین تعلیم پر مشتمل ہوگی۔

فہم فلکیات کورس:۔ فہم فلکیات کیلئے اس سال ''وفاق'' کی سطح پر ایک تربیتی کورس کے اہتمام کا فیصلہ کیا گیا ہے۔